30/11/2021

پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

مستفیدین کو فرٹیفائیڈ چاول کی شکل میں تغذیہ کی فراہم کے لیے 13 کروڑ 32 لاکھ 80 ہزار روپئے منظور

لکھنؤ: 30 نومبر 2021

ریاستی حکومت کے ذریعہ ریاست کی اسکیم کے تحت چلائی جارہی آنگن باڑی مراکز پر 06 ماہ سے 03 ماہ برس کے بچوں، 3 سے 6 برس کے بچوں اور حاملہ خواتین نیز دودھ پلانے والی کو مالیاتی سال 22-2021 میں تیسری سہ ماہی کے لیے فرٹیفائیڈ چاول کی شکل میں تغذیہ کی فراہم پر آنے والے تخمیناً خرچ کے پہلے سے نکاسی کی منظوری دی گئی ہے۔ اس ضمن میں اطفال بہبود خدمات اور محکمہ تغذیہ کے ذریعہ ضروری حکم نامہ جاری کردیا گیا ہے۔

جاری حکم نامہ کے مطابق اطفال بہبود اسکیم میں چلائی جارہی آنگن باڑی مراکز پر اسکیم مقررہ معیاروں کے مطابق مستفیدین کو فرٹیفائیڈ چاول کی شکل میں تغذیہ کی فراہم کے لیے 13 کروڑ 32 لاکھ 80 ہزار 360 روپئے صرف کی رقم پہلے سے نکاسی کے لیے اور اس مقصد کے تحت محکمہ غذا و رسد کو ادائیگی کیے جانے کی منظوری دی گئی ہے۔

☆☆☆☆☆